حیسکو پریس رلیز مورخہ :19.11.2021

# حیسکو پروموشن بورڈ نے لائن اسٹاف ملازمین کے پروموشن کردیئے ہیں، جس میں مجموعی طور پر 18 ملازمین شامل ہیں۔ لائن سپرنٹینڈنٹ-II سے لائن سپرنٹینڈنٹ-I، میں 04 ملازمین کو ترقی دی گئی ہے، جبکہ 11 لائن مین-I (میٹرکیولیٹ) کو لائن سپرنٹینڈنٹ-II۔ اور 03 لائن مین-II (نان میٹرکیولیٹ) سے لائن سپرنٹینڈنٹ-I میں ترقیاں دی گئی ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد(        )حیسکو ترجمان کے مطابق مورخہ 16.11.2021 کو ہونے والے حیسکو پروموشن بورڈ کے اجلاس میں حیسکو کے 18 ملازمین کو ترقی دی گئی ہے، جس میں 4 لائن سپرنٹینڈنٹ-II، اور 11 لامین-II شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق حیسکو پروموشن بورڈ کے کنویز جنرل مینیجر ٹیکنیکل گل منیر سرہیو، ممبر ڈائریکٹر جنرل ایڈمن اینڈ ایچ آر محمد عثمان میمن، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن عبدالغفور شیخ ، مینجر ایچ آر ناصر علی خان اور ڈپٹی مینجر اکاؤنٹس ایڈمن منصور احمد نے 16.11.2021 میں حیسکو پروموشن بورڈ کے اجلاس میں 18 ملازمین (لائن اسٹاف) کو شفاف میرٹ اور اولیت کی بنیاد پر ترقی دینے کی منظوری دی ہے۔ لائن سپرنٹینڈنٹ-II سے لائن سپرنٹینڈنٹ-I کے عہدے پر ترقی پانے والوں میں آپریشن ڈویژن کوٹری کے زوہیب حسن ولد حسن علی، سانگھڑ ڈویژن کے خان محمد ولد محمد پنہون، لطیف آباد ڈویژن کے جنید احمد ذئی ولد مرحوم جمیل احمد ذئی ، اور کوٹری ڈویژن کے یاسر ولد حاجی محمد ہاشم میمن شامل ہیں۔ جبکہ لائن مین-I سے لائن سپرنٹینڈنٹ-II میں ترقی پانے والوں میں (میٹرکیولیٹ) آپریشن ڈویژن نوابشاہ کے نبی بخش ولد انور علی، ڈویژن قاسم آباد کے امداد حسین ولد دوست محمد، کوٹری ڈویژن کے غلام مصطفیٰ ولد عبدالغفور، کنسٹرکشن ڈویژن دوئم کے علی اصغر ولد پنہل خان، لطیف آباد ڈویژن کے مظفر خان انصافی ولد نانی خان، ڈویژن پھلیلی کے عابد حسین ولد محمد کامل، ٹنڈوالہیار ڈویژن کے محمد اسلم ولد عبدالشکور، سعید احمد ولد بشیر احمد اور سعید احمد ولد بشیر احمد، کوٹری ڈویژن کے محمد اسماعیل ولد احمد خان، اور پھلیلی ڈویژن کے کما الدین ولد ہاشمی ولد ریاض الدین ہاشمی شامل ہیں۔ مزید برآں لائن مین-I (نان میٹرکیولیٹ) سے لائن سپرنٹینڈنٹ-I کے عہدوں پر ترقی پانے والوں میں آپریشن ڈویژن نوابشاہ کے محمد اسماعیل ولد محمد یوسف، ٹنڈو محمد خان ڈویژن کے صابو خان ولد محمد قاسم اور ڈویژن ٹنڈو آدم کے محمد سلیم ولد برکت علی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ ترقی پانے والے ملازمین کو اپنے سرکل افسران کے ڈسپوزل پر خالی جگہ پوسٹنگ کیلئے مقرر کیا گیا ہے۔ جس کے بعد وہ اپنے عہدوں چارج سنبھال کر کام کریں گے۔ حیسکو چیف عبدالرحیم سومرو اور حیسکو کے دیگر افسران نے انہیں مبارکباد دی ہے۔